57 Years

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 314 | صفحات: 08 | ۱۶نومبر۲۰۲۵بروزاتوار بمطابق۲۴جمادی الاول۱۴۴۷ | Sunday 16th November 2025 | جلد نمبر 57




### پتھیرانا سی ایس کے سے ریلیز

چنئی سپر کنگز (سی ایس کے) نے سری لنکا کے تیز گیند باز ماتھیشا پتھیرانا کو ٹیم سے ریلیز کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ گزشتہ کچھ عرصے سے پتھیرانا کے مستقبل پر غور کر رہا تھا۔ انہیں آئی پی ایل ۲۰۲۳ سے پہلے خریدا گیا تھا اور ۲۰۲۵ کے میگا نیلامی سے قبل ۱۳ کروڑ روپے میں برقرار رکھا گیا تھا۔ پتھیرانا کی کارکردگی آئی پی ایل ۲۰۲۳ میں نمایاں رہی تھی۔ (تفصیلات اندر)



### ہیزل ووڈ ایشیز کے پہلے میچ سے باہر

آسٹریلیا کو ایک اور بڑا دھچکہ اس وقت لگا جب اس کے تیز گیند باز جوش ہیزل ووڈ دوسرے مرحلے کے اسکین میں دائیں ہیم اسٹرنگ کی چوٹ کی تصدیق کے بعد پرتھ میں ہونے والے پہلے ایشیز ٹیسٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق جوش ہیزل ووڈ کو ہیم اسٹرنگ اسٹرین انجری کی تصدیق ہوئی ہے۔ (تفصیلات اندر)

## دھماکے میں تباہ ہونے والے ڈھانچوں کو معاوضہ دیا جائے گا/عمر عبداللہ

## زخمیوں کے بہترین علاج کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری



سرینگر/ کے این ایس/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ہفتے کے روز کہا کہ حکومت نوگام حادثاتی دھماکے میں متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے وزیر صحت سکینہ ایتو کو زخمیوں کے بہترین علاج کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی اور یقین دلایا کہ حادثاتی دھماکے میں تباہ ہونے والے ڈھانچوں کو مناسب معاوضہ دیا جائے گا۔ مائیکرو بلاگنگ سائٹ ایکس پر، چیف منسٹر جموں و کشمیر کے دفتر نے کہا: "وزیر اعلیٰ نے یقین دلایا ہے کہ حکومت ان خاندانوں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے جنہوں نے نوگام پولیس اسٹیشن کے المناک دھماکے میں اپنے پیاروں کو کھو دیا اور ان کی ہر ممکن مدد کرے گی"۔ انہوں نے وزیر صحت سکینہ ایتو کو/ 1





## دھماکہ سے متاثرین کی ہر ممکن مدد کی جائے گی/ لیفٹیننٹ گورنر

## جان بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت، زخمیوں کی عیادت

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نوگام پولیس اسٹیشن میں ہونے والے المناک حادثاتی دھماکے پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متاثرین کو ہر ممکن مدد فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ، دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔



واضح رہے کہ نوگام پولیس اسٹیشن میں گزشتہ شب ایک حادثاتی دھماکہ ہوا جس میں 9 افراد کی موت جبکہ 32 دیگر زخمی ہوگئے جن میں بیشتر پولیس اہلکار شامل ہیں۔ منوج سنہا نے اس واقعے پر اظہار دکھ کرتے ہوئے 'ایکس' پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا سری نگر کے نوگام پولیس اسٹیشن میں انتہائی المناک حادثاتی دھماکے کے نتیجے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرا رنج ہوا۔ انہوں نے سوگوار خاندانوں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ ان کا کہنا تھا حکومت جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ، دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتی ہے، متاثرین کو ہر ممکن امداد فراہم کی جارہی ہے اور میں نے اس حادثاتی دھماکے کی وجہ معلوم کرنے کے لئے تحقیقات کا حکم دے دیا ہے'۔

# نوگام پولیس اسٹیشن میں دھماکہ، 9 افراد کی ہلاکت 32 گھائل

## ضبط شدہ مواد اور کمیکلز کو جانچ پڑتال کیلئے بھیجے جانے سے قبل خوفناک لرزہ خیز واردات

## "دھماکہ حادثاتی تھا اس پر ضروری قیاس آرائیاں نہ کی جائیں" مرکزی وزارت خارجہ

نئی دہلی/ یو این آئی/ مرکزی وزارتِ داخلہ نے جموں و کشمیر کے نوگام پولیس اسٹیشن میں جمعہ کی رات ہوئے دھماکے کو ایک افسوسناک حادثہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ضبط شدہ دھماکہ خیز مواد اور کیمیکلز کو جانچ کے لیے بھیجے جانے سے قبل ہوا، جس کی وجوہات کی تحقیقات کی جا رہی ہیں، لہٰذا اس بارے میں غیر ضروری قیاس آرائیاں نہیں کرنی چاہئیں۔ اس افسوسناک واقعے میں نو افراد کی موت ہوگئی اور 27 پولیس اہلکار، دو ریونیو افسر اور تین دیگر افراد زخمی ہوئے ہیں۔ وزارتِ داخلہ میں جوائنٹ سکریٹری (جموں و کشمیر) پرشانت لوکھنڈے نے ہفتہ کو نئی دہلی میں صحافیوں کو بتایا کہ جمعہ کی رات 11 بجکر 20 منٹ پر جموں و کشمیر کے نوگام پولیس اسٹیشن کے اندر ایک بڑا دھماکہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ نوگام پولیس اسٹیشن کے اہلکاروں نے وہاں حال ہی میں لگائے گئے ایک پوسٹر سے ملی معلومات کی بنیاد پر دہشت گردی کے ایک ماڈیول کا پردہ فاش کیا تھا۔ اس سلسلے میں درج ایف آئی آر 162/2025 کی تحقیقات کے دوران دھماکہ خیز مواد اور کیمیکلز کا ایک بڑا ذخیرہ برآمد کیا گیا تھا۔ برآمد شدہ مواد کو پولیس اسٹیشن کے کھلے حصے میں محفوظ طریقے سے رکھا گیا تھا۔ مسٹر لوکھنڈے نے بتایا کہ تحقیقات میں شامل تمام ایجنسیاں مربوط اور سائنسی انداز میں کام کر رہی تھیں اور طے شدہ طریقۂ کار کے تحت برآمد شدہ کیمیائی اور دھماکہ خیز نمونے مزید فارنسک اور کیمیائی جانچ کے لیے بھیجے جا رہے تھے۔ بڑی مقدار میں دھماکہ خیز مواد کی برآمدگی کے بعد یہ عمل گزشتہ دو دنوں سے مسلسل طے شدہ پروٹوکول کے مطابق جاری تھا۔ انہوں نے کہا کہ دھماکہ خیز مواد/ 2





## ہلاک شدگان کے اہل خانہ کو 10 لاکھ روپے ایکس گریشیا

## نوگام سانحہ: زخمیوں کو ایک لاکھ روپے ریلیف کا سرکار کا اعلان

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر حکومت نے نوگام پولیس اسٹیشن میں پیش آئے المناک حادثاتی دھماکے کے متاثرین کے لیے بڑے مالی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی ہدایات پر چیف منسٹر ریلیف فنڈ سے ہر ہلاک شدہ شخص کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے جبکہ ہر زخمی کو 1 لاکھ روپے بطور ایکس گریشیا امداد فراہم کی جائے گی۔ وزیر صحت و میڈیکل ایجوکیشن سکینہ ایتو نے آج سرینگر کے اَجالا ہسپتال میں زخمیوں کی عیادت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ یہ ایک انتہائی دلخراش سانحہ ہے۔ گزشتہ رات پیش آئے دھماکے میں نو افراد جاں بحق ہوئے جبکہ قریب 30 افراد زخمی ہوئے۔ وزیر اعلیٰ نے متاثرہ خاندانوں کی فوری مالی امداد کی ہدایات جاری کی ہیں۔ ہر لواحقین کو 10 لاکھ روپے اور ہر زخمی کو 1 لاکھ روپے دیا جائے گا۔ محترمہ سکینہ ایتو نے بتایا کہ کچھ زخمیوں کو پہلے ایس ایم ایچ ایس اسپتال لایا گیا تھا جنہیں ابتدائی طبی امداد کے بعد چھٹی دے دی گئی، جبکہ تقریباً 20 زخمیوں کا علاج اَجالا ہسپتال میں جاری ہے۔ انہوں نے کہا: 'اللہ کا شکر ہے کہ زیادہ تر زخمیوں کی حالت بہتر ہے۔ ایک یا دو مریض آئی سی یو میں ہے مگر/ 3


GOVERNMENT OF JAMMU & KASHMIR

Finance Department

(Directorate General Accounts & Treasuries)

DIGITAL LIFE CERTIFICATE CAMPAIGN

J&K Government has launched a special campaign to promote Digital Life Certificates (DLCs). The DLCs can be generated by Pensioners through Mobile applications viz. Jeevan Pramaan and Aadhaar Face RD Apps for easy access.



Why Digital Life Certificates for Pensioners ?

- No need to visit Treasury or Bank for submitting life certificate
- DLC generation through Mobile App Installed on your phone
- Instant confirmation & online download

How to Generate Your DLC (Step-by-Step):

Step 1: Download Aadhaar Face RD (Early Access) App from Google Play Store / App Store.
Step 2: Install Jeevan Pramaan App from Play Store.
Step 3: Open Jeevan Pramaan Go to Operator Authentication Enter Aadhaar, Mobile No., Email ID.
Step 4: Authenticate using OTP.
Step 5: Enter Name (as per Aadhaar) Proceed for Face Scan.
Step 6: Go to Pensioner Authentication Enter Aadhaar, Mobile No. Verify with OTP.
Step 7: Enter Pension Details: Name, Type, PPO No., Account No., etc.
Step 8: Provide Consent Click Face Scan.
Step 9: Upon success, DLC Confirmation with Pramaan ID appears.
Step 10: Download Certificate from https://jeevanpramaan.gov.in Pensioner Login Enter Pramaan ID.

J&K Bank partners with the Government of J&K in the DLC Campaign.

- Banking Correspondents have been deployed to assist pensioners in generating DLCs.
- Details already conveyed through individual letters to all pensioners.
- Pensioners may contact their nearest J&K Bank Branch or the designated Banking Correspondent for assistance.
- Use the Banking correspondent facility - **FREE OF COST!**
- Avail door step or branch level support for DLC generation.

(Please **DO NOT** share your **Aadhaar number**, **OTP**, or personal credentials with any unauthorized person.)

DIPK-8162/25
Dated: 15/11/2025

www.jkdat.jk.gov.in | dat-jk@nic.in | :+91-7889513668



بانی "سرینگر ٹائمز" صوفی غلام محمد کی برسی



16 سال قبل آج ہی کے دن داعی اجل کو لبیک کہہ گئے

ان کی یادآوری پر دُعا مانگتے ہیں کہ

مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ نصیب ہو

اور ہمیں اُن کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق ملے

دُعا گو، سوگوار مدیران، غم زدہ دختران

